نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
ایک شخص کے سوالات
مرتبہ
محمد یونس قادری
جامع مسجد بابا حیدر شاہ۔محلہ الہیار۔ٹنڈو آدم۔ضلع سانگھڑ۔سندھ۔پاکستان۔0302-3359863

شیخ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ میں نے شیخ شمس الدین بن قماح رحمۃ اللہ علیہ کے مجموعہ میں انہی کا لکھا ہوا پایا ہے کہ ابوالعباس مستغفری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں ایک مرتبہ میں نے طلب علم کے ارادہ سے مصر کا قصد کیا تاکہ وہاں امام ابوحامد مصری رحمۃ اللہ علیہ سے علمی استفادہ کروں اور ان سے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی حدیث سنوں، چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے ایک سال روزے رکھنے کا حکم دیا، پھر اس کے بعد میں ان کے پاس واپس لوٹا چنانچہ آپ نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تک اپنے مختلف مشائخ کی سند سے حدیث سنائی کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک آدمی حاضر ہوا اور کہنے لگا میں آپ سے دنیا اور آخرت کے متعلق سوال کرتا (کرنا چاہتا) ہوں ۔آپ ﷺ نے فرمایا جو کچھ پوچھنا چاہتے ہو پوچھو:

۱۔وہ آدمی بولا میں لوگوں سے سب سے زیادہ صاحب علم بننا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو لوگوں میں سب سے زیادہ صاحب علم ہو جاؤ گے ۔

۲۔اس نے عرض کیا میں لوگوں میں سب سے زیادہ مالدار بننا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا قناعت اختیار کر و لوگوں سے سب سے زیادہ مالدار ہو جاؤ گے ۔

۳۔اس نے عرض کیا میں لوگوں میں سب سے بہتر بننا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچاتا ہو لہٰذا تم لوگوں کو نفع پہنچانے والے بن جاؤ ۔

۴۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ لوگوں میں سب سے زیادہ عدل کرنے والا بن جاؤں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا لوگوں کے لیے بھی وہی کچھ پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو ۔

۵۔اس نے عرض کیا میں اللہ تعالی کا خاص الخاص بندہ بننا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالی کا کثرت سے ذکر کرو اللہ تعالیٰ کے خاص بندے بن جاؤ گے ۔

۶۔اس نے عرض کیا میں محسنین میں سے ہونا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو گو تم اسے نہیں دیکھ سکتے لیکن وہ تو تمہیں دیکھتا ہے ۔

۷۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ میرا ایمان مکمل ہو جائے ۔

آپ نے فرمایا اپنے اندر اخلاق حسنہ پیدا کرو ایمان مکمل ہو جائے گا۔

۸۔اس نے عرض کیا میں اللہ تعالیٰ کے فرمانبرداروں میں سے ہونا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فرائض ادا کرو اس کے فرمانبردار بن جاؤ گے ۔

۹۔اس نے عرض کیا میں گناہوں سے پاک وصاف ہو کر اللہ تعالیٰ سے ملنا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا پاک ہونے کے لیے جنابت سے غسل کیا کر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرو گے کہ تمہارے اوپر کوئی گناہ نہیں ہو گا۔

۱۰۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ قیامت کے دن نور میں میرا حشر کیا جائے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا ظلم مت کرو قیامت کے دن نور میں جمع کیے جاؤ گے ۔

۱۱۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ میرا رب مجھ پر رحم کرے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا تم اپنے او پر رحم کرو اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر رحم کرو اللہ تعالی تمہارے او پر رحم کرے گا۔

۱۲۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہو کہ لوگوں میں زیادہ عزت وا کرام والا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا مخلوق سے اللہ تعالیٰ کی شکایت مت کرو لوگوں میں عزت والے ہو جاؤ گے ۔

۱۳۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ میرے رزق میں وسعت پیدا ہو۔

آپ ﷺ نے فرمایا طہارت پر ہمیشگی کرو تمھارے رزق میں وسعت کر دی جائے گی۔

۱۴۔اس نے عرض کیا میں اللہ اور اس کے رسول کا محبوب بننا چاہتا ہوں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا جس چیز کو اللہ اور اللہ کا رسول محبوب رکھتا ہو اسے تم بھی محبوب رکھو اور جسے اللہ اور اللہ کا رسول مبغوض سمجھتے ہوں اسے تم بھی مبغوض سمجھو۔

۱۵۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ اللہ کے غصہ سے محفوظ ہو جاؤں ۔

آپ ﷺ نے فرمایا کسی پر غصہ مت کرو اللہ تعالیٰ کے غصہ سے محفوظ ہو جاؤ گے ۔

۱۶۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ میری دعا قبول کی جائے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا حرام سے بچو تمہاری دعا قبول کی جائے گی۔

۱۷۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے سر عام رسوا نہ کرے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرو اللہ تعالی تمہیں سر عام رسوا نہیں کرے گا۔

۱۸۔اس نے عرض کیا میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے عیوب پر پردہ کرے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا تم اپنے بھائیوں کے عیوب پر پردہ کرو اللہ تعالیٰ تمھارے عیوب پر پردہ کرے گا۔

۱۹۔اس نے عرض کیا کون سی چیز خطاؤں کو مٹا دیتی ہے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا آنسو، خضوع اور امراض ۔

۲۰۔اس نے عرض کیا کون سی نیکی اللہ تعالیٰ کے ہاں افضل ہے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا حسن اخلاق، تواضع، آزمائش کے وقت صبر اور رضا بالقضاء۔

۲۱۔اس نے عرض کیا اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے بڑی برائی کون سی ہے ۔

آپ ﷺ نے فرمایا بد خلقی اور بخل ۔

۲۲۔اس نے عرض کیا کون سی چیز اللہ تعالیٰ کے غصہ کو مٹاتی ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا صدقہ پوشیدہ کرو اور صلہ رحمی کرو۔

۲۳۔اس نے عرض کیا کونسی چیز دوزخ کی آگ کو بجھاتی ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا روزہ دوزخ کی آگ کو بجھاتا ہے۔

(کنز العمال جلد:۸۔حصہ:۱۵+۱۶۔حدیث:۴۴۱۵۴۔ص:۴۵۸۔ناشر:دارالاشاعت۔اردو بازار۔کراچی)